Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ١١	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ١٧ - جمادی الاول ١٣٣٥ھ مطابق ١٢ - مارچ ١٩١٧ع	جلد ٢٩

فہرست مضامین

ملخص احکام اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

٢٤ - فروری ١٩١٧ع

رخصت پندرہ یوم از تاریخ استفادہ سلطان حسن مینائی ا لمد اجلاس ہمایوں بذمہ داری منشی محفوظ علیخاں المد اجلاس منظور فرمائی گئی -

---

تبدیلی

یکم مارچ سنہ ۱۹۱۷ء

حسب رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر عبدالوہاب خاں تحویلدار موری خانہ کا تعلق ہتھیا تا من کیواسطے منصری موری خانہ پر بجائے سید فدا حسین متبدلہ منصری گاؤمیش خانہ منظور فرمایا گیا۔

حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۷ فروری سنہ ۱۹۱۷ء

رپورٹ منظور ہے ایک ایک نقل اس نمونہ کی افسران صیغہ کے پاس بھیجدیجائے

دستخط صاحب چیف سکرٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بحضور پرنور

عمر رسانہ

ٹھیکہ داری چنگی کے زمانہ میں جو پاس مال چھوڑنے کیلیے جا بجا مال تھے اور اب تک آتے ہیں وہ مختلف قسم کے ہوتے ہیں بنظر سہولت ایک نمونہ پاس کا تجویز کر دیا گیا ہے اسی قسم کے پاس ہر کارخانہ میں طبع ہونا چاہییں۔ لہذا عرضداشت ہذا معہ نمونہ پاس اجلاس ہمایوں میں پیش کیجاتی ہے اور گذارش ہے کہ ہر کارخانہ وصیغہ میں بموجب نمونہ منسلکہ ہذا پاس طبع کیے جائینگا حکم عالی صادر فرمایا جاوے۔

دستخط صاحب ... سکرٹری بہادر

پاس کارخانہ	ریاست رامپور واسطے چھوڑانے مال
بلا ادخال محصول چنگی حسب دفعہ ضمن ۱۱ از چونگی	
نمبر شمار	
نام سوداگر مع مقام	
نمبر بلٹی مع تاریخ بلٹی	
تعداد بکس یا جو شے ہو	
وزن مال	
نام مال چھوڑانے والیکا	
تاریخ اجرائے پاس	
دستخط افسر صیغہ	

پاس کارخانہ	ریاست رامپور واسطے چھوڑانے مال
بلا ادخال محصول چنگی حسب دفعہ ضمن ۱۱ از چونگی	
نمبر شمار	
نام سوداگر مع مقام	
نمبر بلٹی مع تاریخ بلٹی	
تعداد بکس یا جو شے ہو	
وزن مال	
نام مال چھوڑانے والیکا	
تاریخ اجرائے پاس	
دستخط افسر صیغہ	

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر واقع ۳ مارچ سنہ ۱۹۱۷ء

بمقدمہ انتظام محرری مال تحصیل شاہ آباد

بملاحظہ رپورٹ سررشتہ دار صاحب صدر و نوٹ حاکم صاحب صدر و مثل متعلقہ حکم ہوا کہ سردار خاں محرر مال تحصیل شاہ آباد اپنی موجودہ تنخواہ پر امتحاناً برائے چھ ماہ تحصیل شاہ آباد میں تبدیل کیا جائے۔ چھ ماہ کے بعد تحصیلدار ٹانڈہ رپورٹ بھیجیں کہ سردار خاں نے کیا کام انجام دیا۔ اگر کام اچھا کیا تو وہاں رکھا جائیگا۔ ورنہ حکم مناسب دیا جائیگا۔ شیو نرائن محرر مال ٹانڈہ جو صدر سے تحصیل ٹانڈہ کو تبدیل کیا گیا تھا اپنی موجودہ تنخواہ پر حسب خواہش انکی واپس صدر کیا جائے۔ فیاض علیخاں اہلمد محافظ خانہ صدر اپنی موجودہ تنخواہ پر محرر مالی تحصیل شاہ آباد پر تبدیل ہو۔ فیاض علیخاں کو ۔۔۔ ماہوار تنخواہ ملتی ہے اس تنخواہ کی نظیر دوسرے محرران مال تحصیلات کو نہ ہوگی۔ عبدالحفیظ جو اہلمدی کا کام بلا تنخواہ کام کر رہا ہے بہ تنخواہ موجودہ ۱۲ ماہوار چھ ماہ کے واسطے اہلمد کلکٹری مقرر کیا جائے الاؤنس وغیرہ اب ملیگا بجائے عبدالحفیظ معاونت پر حسب سفارش حاکم صاحب صدر وسررشتہ دار صاحب صدر اشفاق النبی جسکو صدر کا امیدوار لکھا گیا ہے بمشاہرہ سات روپیہ ماہوار عوض احمد علی بالغ امتحاناً برائے چھ ماہ مقرر کیا جائے۔ احمد علی کو تین روپیہ ماہوار بدستور ملتے رہینگے۔ چھ ماہ کے بعد سررشتہ دار صاحب صدر رپورٹ بھیجیں کہ اشفاق النبی نے کیا کام انجام دیا۔ اگر کام اچھا کیا تو رکھا جائیگا ورنہ علیحدہ کر دیا جائیگا۔ احکام فیصلہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

رخصت

یکم مارچ سنہ ۱۹۱۷ء

سعید الدین خاں ناظر عدالت جی کی مزید رخصت چار ماہ بانتظام سابقہ منظور ہے

ملخص حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر

رخصت

یکم مارچ سنہ ۱۹۱۷ء

پندرہ روز کی رخصت اتفاقی منشی احمد علی شوق قدوائی من ابتدائے ۱۰ مارچ سنہ ۱۹۱۷ء لغایت ۲۴ مارچ سنہ ۱۹۱۷ء حسب رپورٹ نائب مہتمم کتب خانہ صدر و حسب سفارش مہتمم صاحب منظور ہوئی

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۵ لغایت ۱۱ مارچ ۱۹۱۷ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۷ار			۱۰ار	۱۰۷ار		دیگر تحصیلات سے نقشہ نرخنامہ نہیں آیا۔
نخود خالص	۹ار			۱۲ار	۱۰ار		
نخود کسر آمیز	۱۰ار			۱۰۳ار	۱۱ار		
کسر	۱۱ار			۱۰ار	۱۱۰ار		
ماش	۷ار			۸ار	۱۰۷ار		
مونگ	۵ار			۰	۷ار		
مکا	۱۰۲ار			۱۰ار	۱۳ار		
جئی	۱۲ار			۱۲ار	۱۲ار		
گوجئی	۰			۱۰ار	۱۱ار		
عدس	۶ار			۰	۵ار		
ارہر	۱۰ار			۰	۹ار		
برنج	۷ار			۸ار	۸ار		
روغن زرد	۱۰			۱۰ار	۱۰ار		
روغن سیاہ	۱۰۲ار			۲ار	۲ار		
روغن کنجد	۲ار			۱۰ار	۱۰ار		
نمک سامبھر	۱۰ار			۱۱ار	۱۱ار		
نمک کھاری	۶ار			۸ار	۹ار		
قند سیاہ	۵ار			۵ار	۶ار		
باجرہ	۹ار			۱۲ار	۱۰ار		

مطبوعہ پریس ریاست رامپور